**پیغام ڈائجسٹ لاہور** مدیر اعلیٰ : علی ارتضیٰ ۔ بہ تعاون مجلس ادارت ۔
قیمت فی پرچہ چار روپے ۔ سالانہ چالیس روپے ۔ پتہ : ا ۔ اے ذیلدار پارک، اچھرہ ۔ لاہور ۔

بچوں کے لیے جو رسائل شائع ہو رہے ہیں ۔ ان میں پیغام ڈائجسٹ کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ اسے اسلامی جمعیت طلبہ کے ہونہار کارکن مرتب اور شائع کرتے ہیں ۔ جلد ۳ کا شمارہ اپریل ۱۹۹۱ء ہمارے سامنے ہے اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ اسے طلبہ کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنایا گیا ہے ۔ بالخصوص اس کی یہ خوبی تو بہت ہی لائق تحسین ہے کہ موجودہ اہم قومی اور ملی مسائل جہاد افغانستان اور جہاد کشمیر سے متعلق کہانیاں اور نظمیں شامل کی گئی ہیں ۔ یہ رسالہ بچوں کے لیے ہر لحاظ سے مفید ہے ۔ توسیعِ اشاعت میں حصہ لینا چاہیے ۔ (ن ۔ ز)

---

**دربارِ رسالت ﷺ** مرتبہ : گُل بخشالوی ۔ ناشر : قلم قبیلہ، کھاریاں، پاکستان ۔
ضخامت : ۲۴۲ صفحات ۔ سائز ۱۸×۲۲ غیر مجلد ۔ قیمت ۱۰۰/- روپے

نعتوں کے اس مجموعے میں ۱۲۵ شاعروں کی منتخب نعتیں شائع کی گئی ہیں ۔ فاضل مرتب نے ان شعراء کے پتے بھی شامل کر دیتے ہیں ۔

گُل بخشالوی صاحب خود بھی ایک اچھے شاعر ہیں اور دوسرے شاعروں کے کلام کے انتخاب کا عمدہ شعور رکھتے ہیں ۔ اس سے پہلے وہ غزلوں کا انتخاب شائع کر کے شہرت حاصل کر چکے ہیں ۔ ہمیں امید ہے کہ ان کا یہ کام بھی اہلِ نظر سے داد حاصل کرے گا ۔

ہم اس مجموعے کو خریدنے کی پُرزور سفارش کرتے ہیں ۔ ہمارے دور میں جو نعتیہ مجموعے شائع ہوتے ہیں ۔ یہ مجموعہ ان میں ایک قیمتی اضافہ ہے ۔

(ن ۔ ز)

---

© rasailojaraid.com